© rasailojaraid.com


مسلمانوں کو مایوسی کے بجاے روشن مستقبل کی امید دلائی گئی ہے۔ اگرچہ پروف خوانی توجہ طلب ہے' تاہم پیش کش عمدہ ہے۔ حوالہ جات کا مناسب اہتمام کتاب کی اہمیت میں اضافے کا باعث ہوتا ہے جس کا خیال رکھا گیا ہے۔ (محمد الیاس انصاری)

**مثالی استاد**، تالیف: محمد حنیف عبدالحمید۔ ناشر: بیت العلم ٹرسٹ' ST-9E' بلاک نمبر۸' گلشن اقبال' کراچی۔ صفحات: ۳۸۶۔ قیمت: ندارد۔

اسلام نے جس قدر تعلیم و تعلم پر زور دیا ہے اس کی نظیر کسی دوسرے مذہب میں ملتی ہے اور نہ کسی دوسری تہذیب میں۔ اکبرالٰہ آبادی نے کہا تھا ؎

کورس تو لفظ ہی سکھاتے ہیں آدمی آدمی بناتے ہیں

استاد کی حیثیت کورس اور نصابات سے کہیں بڑھ کر ہوتی ہے۔ قرآن مجید کے ساتھ نبی کریمؐ کی بعثت اور آپؐ کا اس پیغامِ ربانی کو پہنچانے کا انداز استاد کی کامل اور اکمل ترین صورت ہے۔ زیرنظر کتاب میں مثالی استاد کی خوبیوں کو موضوع بنایا گیا ہے۔ استاد کی شخصیت' اس کے علم' تجربہ' اخلاق اور انداز نشست و برخاست' غرض ہر چیز میں طلبہ کے لیے عملی نمونہ ہونا چاہیے۔ جس سادہ انداز میں اس کتاب میں قرآن و حدیث اور اکابرین اُمت کی زندگی سے مثالیں دی گئی ہیں وہ نہ صرف قابلِ قدر ہیں بلکہ زندگیوں کے دھارے کو موڑنے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہیں۔

مجموعی طور پر یہ کتاب معاشرے کو سنوارنے اور اس میں تعمیری سوچ کو فروغ دینے کی بھرپور کوشش ہے۔ اس کتاب کا مطالعہ نہ صرف طلبہ و اساتذہ کے لیے مفید ہے بلکہ عام آدمی بھی اس سے علم و حکمت کے بیش قیمت جواہر ریزے اکٹھے کرسکتا ہے اور انھیں اپنی زندگی میں اپنا کر مثالی انسان بن سکتا ہے۔ (محمد ایوب لِلّٰہ)

## تعارف کتب

☆ **بلاعنوان**' محمد سعد۔ ناشر: بیت العلم ٹرسٹ' ST-9E ' بلاک نمبر۸' گلشن اقبال' کراچی۔ صفحات: ۱۷۱۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ [نونہالانِ اُمت کی تربیت کے لیے مصنف کی دل چسپ اصلاحی کہانیوں کے سلسلے کا یہ پانچواں حصہ

© rasailojaraid.com